۱؎ وہابیہ کا یہ اتہام کہ اعلحضرت قدس سرہ نے علمائے اسلام کو کافر کہا، کذب محض و افتراء خالص ہے۔ اعلحضرت قدس سرہٗ نے اُن مفسدین کو کافر فرمایا جو ضروریاتِ دین کے منکر ہوئے۔ ایسوں کو قرآن و حدیث اور تمام امت کافر کہتی ہے۔ اعلحضرت نے کفر کا حکم اپنی طرف سے نہیں دیا۔ نصوص نقل فرمائی ہیں۔ جن کا آجتک کسی وہابی نے جواب نہیں دیا۔ اور نہ کبھی کوئی جواب دے سکتا ہے۔ اُن امور کا کفر ہونا اور اُن کے قائل کا کافر ہونا خود وہابیہ کو بھی تسلیم ہے۔ مولوی اشرف علی صاحب بسط البنان میں لکھتے ہیں:۔

جو شخص ایسا اعتقاد رکھے۔ یا بلا اعتقاد صراحۃً یا اشارۃً یہ بات کہے میں اس شخص کو خارج از اسلام سمجھتا ہوں۔ کہ وہ تکذیب کرتا ہے۔ نصوصِ قطعیہ کی اور تنقیص کرتا ہے حضور سرورِ عالم فخرِ بنی آدم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی۔"

رہی یہ بات کہ جو اعلحضرت کا ہم عقیدہ نہ ہو۔ اس کو وہ کافر جانتے ہیں۔ یہ درست ہے۔ اور ہر مسلمان کا یہی عقیدہ ہے۔ کہ ایمانیات اور ضروریاتِ دین میں جو اُس کا ہم عقیدہ نہ ہو۔ وہ کافر ہے۔ مثلاً جو شخص توحید میں ہمارا ہم عقیدہ نہ ہو وہ کافر ہے۔ توحید مانے، رسالت میں ہم اعتقاد نہ ہو۔ وہ کافر۔ توحید و رسالت دونوں کو تسلیم کرے، قرآن کا منکر ہو، تو کافر غرض کسی ایک امر ضروری دینی کا انکار کرے۔ کافر ہے۔ مسلمان وہی ہے جو تمام ضروریات دین میں ہمارا ہم عقیدہ ہو۔

Ahmaq mujadad k munazrana heeley

moeen o deen ajmeri sb ahmad raza k ek khasiat khuruj az daira e behas likhte hain jis k tehat wo likhte hain k jb alahazrat dalail sy ajiz ajate they to gair mutliq mubahis k silsala shuru kr dety hain k mabada kahin haq zahir ho jaye or leeny k deeny parain! (tajaliyat e anwar ul moeen page 12)

Ahmaq mujadad k munazrana heeley

moeen o deen ajmeri sb ahmad raza k ek khasiat band khlasik tehat likhte hain k jb alahazrat dalail sy ajiz ajate they to band khalasi k liye apna asal dawa chor detey thy (tajaliyat page 7)

تمام مسودات کو اس کاپی میں نقل کر دیا جو القول الاظہر کے جواب کیلئے مخصوص تھی جس کا ہنوز مسودہ بھی تیار نہ ہوا تھا۔ اور بعد نقل خبر مشہورہ
اعلیٰحضرت اس کو مسخ کرا دیا اسی سبب سے یہ انوکھی بات پیدا ہو گئی۔ کہ حضرت پیر تو یہ رقم کہ القول الاظہر کا رد و جواب اور رسالہ میں کچھ و تحسین
نقل۔ بہر الحول کار دکھیں عماد رامپور و دیوبند کا رد کہیں حضرت مولانا معین الدین صاحب نقل کے خطوط پر تنقیدی نظر لیکن
القول الاظہر کا اس میں نہ جواب نہ اسکے کسی مضمون کی تردید۔ نہ اسکے مصنف سے کچھ تخاطب۔ اہل تاویل سو ناظرین کی حیرت کا بھی خاتمہ
ہو گیا اور ادھر ہماری کا بدنما دھبہ جو اعلیٰحضرت کے دامن پر لگ گیا تھا دھل گیا۔ لیکن اب اعلیٰحضرت کو چاہئے کہ وہ کسی پر اعتماد نہ
کیا کریں ورنہ آئے دن اس قسم کی بے کی صورتیں پیدا ہوں گی سے عظمت کی نظروں میں ہوتی کا خطرہ اندیشہ ہے۔ ان سنبھالا تو کچھ حرج نہیں
جو بے سوچے سمجھے خبر مشہورہ اعلیٰحضرت اندھا دھند ایسی حرکات کر بیٹھنے کے عادی ہیں لیکن اعلیٰحضرت کی حاصل کردہ عظمت جو تمام
عمر کی جانفشانی کا نتیجہ ہے انکے کرتوت خاک میں ملا دیں گے۔ اس تمہید کے بعد اگر تیار تو ہم صرف اس قدر کہ یہ جملہ جاہل یا جملہ سے مخاطبہ
نہ کچھ مفید نہ یہاں کے لائق یا القول الاظہر سے ہی ہمیں جو تعلق ظاہر کر رہا ہے سو اسکا جواب سہل ہے کہ یہ جملہ سے مقطع میں آپڑی
تھی سخن گسترانہ بات کے قبیل سے ہے۔ البتہ چونکہ اس فقرہ کا تعلق خاص ہماری ذات سے ہے گو کسی اجنبی رسالہ میں استطراداً
آگیا اس سبب سے ہماری تمام تر توجہ اسی پر مبذول ہو گئی کہ ہماری شرکت میں کامل ڈیڑھ سال انتظار کے بعد رسالہ کے جواب کے
بدلے صرف یہ فقرہ لکھا ہوا تھا ہم نے یہ قناعت کر کے اس فقرہ کی ایسی توضیح کر دینگے کہ اسی کی ضمن میں اعلیٰحضرت کے نہ صرف
بیش بہا عقدے حل ہوں گے بلکہ انکی سوانح حیات اور بعض مخصوص فضائل پر بھی کافی روشنی پڑ جائیگی۔ اور اس لحاظ سے یہ رسالہ
نہ صرف علمی ہے بلکہ ایک مجموعہ بدعتکار کے صحیح خاکہ جو ہیکل شرف بھی اپنے اندر مضمر رکھتا ہے یہ مجد و شرف اس رسالہ کو محض اس فقرہ
کی بدولت حاصل ہوا۔ اور اسلئے ہم اعلیٰحضرت کے شکر گذار ہیں کہ انھوں نے وہ فقرہ لکھ کر ہم کو نہ صرف ممنون بنایا بلکہ اس خدمت پر
مجبور محض کر کے تمام ابناء عصر میں ہمکو شرف امتیاز بخشا۔ چونکہ یہ فقرہ مختصر و مبہم ہے اسکی توضیح کے لئے چند ابواب کا انعقاد ضروری ہے کہ
اعلیٰحضرت کے وہ حالات جو ہنوز پردۂ ظلمت و تاریکی میں ہیں نظر عام میں آجاویں گو اصطلاح ہو ہر باب کو تجلی سے تعبیر کرنا مناسب

تجلی اول

اس فقرہ و جاہل یا جہلاء سے مخاطبہ نہ کچھ مفید نہ یہاں کے لائق ہے میں دو دعوے ہیں۔ اول یہ کہ جاہل جہلا
سے خطاب کرنے میں کوئی فائدہ نہیں دوم یہ کہ یہاں کی شان ہی مقتدر عظمیٰ ہے کہ جاہل یا جہلاء کو بغرض
خطاب موجب ننگ و عار ہے۔ دوسرے دعوے کے متعلق بحث کی اس وجہ سے ضرورت نہیں کہ یہ جہل مرکب تو یہ تو ہم علم بسیط اعلیٰحضرت کا
مدار زندگی ہے۔ ایسی حالت میں ہم کیونکر انکے علم بسیط کا خاتمہ کر کے انکی زندگی کا خاتمہ کریں۔ البتہ بحث طلب پہلا دعویٰ ہے کہ ہم اپنی جہالت
اور خصوصاً مجہولیت کے جرم کے باعث خطاب سے کیوں محروم کئے گئے جبکہ حضرت والا سے استفادہ کیلئے حاضر ہیں کیا اعلیٰحضرت
کے حواری سب کے سب اعلیٰحضرت کی طرح معرفت یافتہ ہیں کہ آن سے گئے دن تو مجہ سے تار ہیں اور ہم سے ہمیں قدر بھی کہیں کرتی طبقہ کا نام
لینا داخل جرم ہو۔ حواریان اعلیٰحضرت کو صریح خطاب سے بھی آج تک کوئی حسنہ یہ فائدہ حاصل نہ ہوا لیکن ہم کو صرف ایک ہی مخاطبہ کر
(جو اتفاقاً بیہودہ ہو ہے) اسقدر فائدہ ہوا کہ اسکا عشر عشیر بھی کسی حواری کو نصیب نہ ہوا ہو گا۔ اسی وجہ سے اعلیٰحضرت کی خصوصیات و کمالات
تاریکی کے گڑھوں میں پڑے ہوئے ہیں۔ اعلیٰحضرت کے حواریو! لو آؤ ہم تم کو اعلیٰحضرت کے کمالات کی روشناس کرائیں۔ تم نے ساری
عمر انکے ساتھ صحبت اور مخاطبہ میں گزار دی پھر بھی انکے کمالات سے بیخبر رہے ہو۔ ہم پر صرف ایک ہی مخاطبہ کی بدولت تمام کمالات
و خصوصیات کا انکشاف ہو گیا۔ ذٰلک فضل اللہ یؤتیہ من یشاء واللہ ذو الفضل العظیم

خصوصیت ۱۔ بدخلاصی۔ جب اعلیٰحضرت سے دلائل کی لغزش کے جواب سے عاجز ہو جاتے ہیں تو اپنی بدخلاصی کے
لئے اس دعوے کو چھوڑ بیٹھتے ہیں۔ اس کو دیکھئے کہ اول خاتم سمجھ کر مستقل رد دیا کہ اس کے اجزاء پر سو شہیدوں کا تجسیم
کر بیٹھے اور اپنے فتوی میں اسکے متعلق چھپ چکا سو تو ان ضعفاء مسجد کے متولین اور اصول مؤذنوں کو سو شہیدوں کے ثواب

Ahmaq mujadad k munazrana heeley

Alahazrat ka hawai batein (shagofey chorna hahaha)

moeen o deen ajmeri likhte hain k jab alahazrat sy kuch na ban parta to hawai batein shuro kr dety yhy (tajaliyat page 15)

Ahmaq mujadad k munazrana heeley

Alahazrat ka apno par he zulm

moeen o deen ajmeri sb likhte hain jis ka khulasa yeh hai k alahazar apni han me han milane walo ko musnad e fazal o kamal ka sadar bna detey pher achanak ek lehar uthti or alahazrat usi ko jahilo o ahmaq jesy khatab sy nawaz dety sirf is waja sy k us ny alahazrat ki tehqeeq k khilaf kuch kalma likh dia (tajaliyat page 19)

زمانے تک کی خواہش کا اصلی مدعا کیا ہے۔ آپنے کتب اصول میں کبھی بحث اجماع پر نظر غلط ہی ڈالی ہوتی تو آپ سمجھ لیتے کہ اہل اصول نے اجماع میں
ہر کس و ناکس کو دخل نہیں دیا ہے۔ بلکہ اتفاق جملہ مجتہدین عصر کو شرط انعقاد قرار دیا ہے جس کے دائرے میں تمام مجتہدین آگئے۔ اس سے صاف
یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ ایک مجتہد کا خلاف بھی اجماع کے عدم انعقاد کے لئے کافی ہے۔ اب اس کے بعد اس نتیجہ تک پہنچنے میں کیا دشواری ہے کہ اس مجتہد
کا اختلاف خلاف اجماع نہیں ہے حتی کہ وعید میں داخل ہو۔ بلکہ خلاف جمہور کی جزا نہیں ہے ساتھ مخصوص ہے تاکہ ہر عامی مدعی اجتہاد کو حق
حاصل ہو سکے جیسے افغان داخل مسجد مصداول ہے بر ہر یہی ہے۔ اب یہ نہیں ہو سکتا کہ چودھویں صدی کے کسی مولوی صاحب
کے خلاف سے بھی اجماع درہم برہم ہو جائے۔ گو کہ وہ اعلیحضرت ہی کیوں نہ ہوں۔ اعلیحضرت کا یہ عقیدہ ہے کہ مثل جلیل القدر صحابہ وائمہ اربعہ
و دیگر مجتہدین میرا اختلاف بھی اجماع امت کو نیست و نابود کر سکتا ہے۔ اور مثل انکے صرف میرا اختلاف بھی خلاف جمہور تسلیم کیا جا سکتا ہے پس
اگر مجھ کو کوئی من شذ شذ فی النار کی وعید میں داخل کریگا۔ تو پھر میں تمام اکابر صحابہ کو شذ فی النار کے مصداق بنانے کے لئے بالکل
کمربستہ ہوں۔ اور اگر صحابہ کو انکے اجتہاد کے باعث اس وعید سے مستثنیٰ کیا جاویگا۔ تو پھر میں نے ایسا کیا قصور کیا ہے جو باوصف اعلیحضرت
ہونے کے بھی مستثنیٰ نہ سمجھا جاؤں۔ اگر صحابہ درجہ صحابیت اور ائمہ مرتبہ امامت پر فائز ہوں تو میں اعلیحضرت ہوں۔ سب برابر ہو گئے۔ اعلیحضرت کا
عذر صحیح بھی ہے کیونکہ اتباع اعلیحضرت انکے ایسے عالی شان القاب لکھتے ہیں کہ جس طرح اتباع ائمہ اربعہ اپنے اماموں کے بلکہ ان سے بھی بڑھ
چڑھ کر جیسے صاحب الحجۃ القاہرہ، حامی سنت طاہرہ، مجدد المائۃ الحاضرہ، پیشوائے اہل سنت، اعلیحضرت وغیرہ وغیرہ۔ اعلیحضرت بھی آخر
بشر ہیں۔ یہ القاب سنتے سنتے اگر اپنے کو مجتہد و امام سمجھ بیٹھے تو انکو ایسا مجرم نہیں سمجھنا چاہئے کہ کبھی انکا جرم معاف ہی نہیں کیا جا سکے۔

خصوصیت ۱۳۔ تحکم وحکومت طلبی۔ اس کا ظہور مختلف طور پر ہوتا ہے کبھی اسطرح کہ ہاں میں ہاں ملانے والے شخص کو
مسند فضل وکمال کا صدر نشین بنا دیا۔ پھر جو لہر آئی تو اس کو ایک دم جاہل و احمق جیسے معزز خطاب دیدئے گو شخص اس جرم میں کہ اس نے
اعلیحضرت کی تحقیق کے خلاف کوئی حرف کہدیا۔ اسکی بطور نمونہ دو مثالیں پیش ہیں (۱) شیخ عبد القادر توفیق شلبی مدرس مسجد نبوی صلی اللہ
علیہ وسلم کی اپنی کتاب حسام الحرمین میں اس طرح مدح سرائی کی۔ صورۃ ما سطرہ من فی العلم تصدر فی الدرس تقرر، ودقق النظر وہ الذی
مسدد توفیق من القادر الشیخ الفاضل عبد القادر توفیق الشلبی الطرابلسی الحنفی المدرس بالمسجد الکریم النبوی منحہ اللہ تعالیٰ من فیضہ
القوی۔ اس کا ترجمہ خود اعلیحضرت نے اس طرح کیا۔ تقریظ انکی جو علم میں صدر بنے اور مدرس ٹھیرے اور غور کیا اور باریک علم میں آمد
رفت کی۔ قدرت والے کی توفیق سے حضرت فاضل عبد القادر توفیق شلبی طرابلسی حنفی، مسجد کریم نبوی میں مدرس۔ اللہ تعالیٰ انہیں اپنے فیض قوی
سے عطا دے۔ اعلیحضرت کے حواریو تمنے دیکھا کہ تمہارے اعلیحضرت نے کیسے پر عظمت الفاظ میں اس فاضل مدنی کی تعریف کی ہے
اب ذرا تصویر کا دوسرا رخ دیکھو۔ اجل الرضا میں انہی فاضل مدنی اور ان کی تحریر کی نسبت یہ ارشاد ہے۔ اس بے معنی تحریر کی حالت
یہ کہ اول تا آخر اغلاط و خلطات سے مملو۔ جہل و سخافت و افترا و تناقض و خباثت و نافہمی و مکابرہ وغیرہ کونسا کمال ہے کہ ان گنتی کی
چند سطروں میں نہیں۔ چند سطر بعد پھر فاضل مدنی پر اس طرح چوٹ کی۔ ایسا احمق بید شاید طرابلس ہی میں بستا ہو۔ ایک صفحہ بعد پھر
فاضل مدنی پر غضب وجلال اس طرح گرایا۔ طرابلسی تحریر پر جب یہ قاہر رد اسکے پیش نظر موجود تھے انہیں دیکھ کر کسی ذی انصاف کا شرم
سے کہ اس بے معنی تحریر کا نام بھی زبان پر لانا تھا نہ کہ دین الہی میں حجت بنانا۔ اس سے معلوم ہوا کہ حسام الحرمین کے مولف ومرتب
اعلیحضرت نہیں ہیں وہ کوئی اور مولوی احمد رضا خاں صاحب ہیں جو اعلیحضرت کے ہمنام وہموطن ہیں جنہوں نے حسام الحرمین
میں فاضل مدنی کی تعریف کے پل باندھ دیئے ہیں۔ اور ان کے قول کو دین الہی میں حجت بتایا ہے۔ لوگوں کو چاہئے کہ وہ اعلیحضرت اور
مولوی احمد رضا خاں صاحب میں فرق کریں۔ اعلیحضرت اور چیز ہیں اور مولوی احمد رضا خاں شئی دیگر۔ اس پر حجت یہ ہے کہ اعلیحضرت ان
فاضل مدنی کو حرم شریف نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں مدرس نہیں تسلیم کرتے بلکہ مدینہ طیبہ میں بطور راہگیر کے گذرنے والا لکھتے ہیں۔
جیسا کہ اجل الرضا میں ارشاد ہے کہ جو شخص مدینہ طیبہ میں ہو کر گذرا کچھ کہدے ہو۔ اور مولوی احمد رضا خاں صاحب بریلوی صاحب ب

Ahmaq mujadad k munazrana heeley

ALAHAZRAT KI MUGALTA DAHI

moeen o deen ajmeri likhte hain k yeh khasiyat (mugalta dahi) alahazrat ki tmam taleefat ki jan or roh e rawan hai (tajaliyat page 9)

اُسکا اجماعی ہونا مثل آفتاب روشن ہوگیا تھا اور متواترات کے ساتھ تشبیہ نے اُس میں تازہ روح پھونکدی تھی اب اعلیٰحضرت کا
تجاہل عارفانہ ملاحظہ ہو۔ آپنے جرح کی یہ التوارث کو نظر انداز کرکے یہ سوال گڑھا کہ ہمارے فقہائے کرام نے کہیں اس اجماع کا ذکر
فرمایا۔ مطلب یہ کہ گو حسب تصریح صاحب مراقی الفلاح اذان داخل مسجد متوارث سہی لیکن خاص لفظ اجماع کا ذکر نہیں
فرمایا۔ وجب تک کہ لفظ اجماع کی تصریح نہ ہو ہمیشہ بسوال رہنے کا حق حاصل اور ہو۔ الزام قائم کہ مسئلہ کا اجماعی ہونا کسی کتاب
سے ثابت ہو۔ حالانکہ ثبوت اجماع کے لیے لفظ اجماع کا التزام نہیں کیا تھا۔ نہ التزام کی ضرورت۔ کاش اگر تعصب وعلم سطحی
کا خاصہ پیشِ اعلیٰحضرت کو رہ ہوجاتے تو اُن اوصاف نظر آسکتا ہو کہ توارث رد کی سب اجماع سے بھی زیادہ کر اس تقریر کو سوال
دوم کے ساتھ آگے سوال چہارم کا بھی خاتمہ ہو گیا جسمیں اجماع کی تعریف دریافت کرنے کے بعد ارشاد ہوا تھا کہ روشن قلم
پر بھی تعیین ہو ... ارشاد یعنی عبارتہ فی نفع الفلاح سے انقال یا ظاہر میں عرض کردی گئی تھی۔ جس کا یہ فقرہ جزئی ہے
... اس کتاب کی ... یعنی اعلیٰحضرت کی نظر ثانی اس پر نہیں پڑی ... امید ... کہ آئندہ کی نظر کو بچے
کرے۔ **خاصیت ۳۔ مغالطہ دہی۔** یہ خاصیت اعلیٰحضرت کی تمام تالیفات کی جان اور روح رواں ہے۔ عادۃً عموماً
خصوصیت مثل مغالطہ وہی اور دو خصوصیات کو بھی جادی ہے اس کی شان میں آپ کی تالیفات میں کثرت ہے جس کے احاطہ
کے لیے ایک دفتر بھی کفایت کی ضمانت نہیں دے سکتا۔ مجبوراً دو مثال پر اقتصار مناسب سمجھا گیا (۱) اعلیٰحضرت اپنے سد الفرار
میں حضرات علماء بدایوں کے استدلال ... کرتے ہیں۔ اول تو کہنا ... مصطفیٰ ہے۔ اس اذان کا حکم لا یوذن کو خارج جاننا بحکم بنا اس پر
موقوف کہ ... کو دخول پر دال مانیں اور اذان کو دخول پر دال ماننا اس پر موقوف کہ داخل مسجد کو صالح اذان جمعہ مانیں
اور داخل مسجد کو صالح اذان جمعہ جاننا اس پر موقوف کہ اس اذان کو علم لا یوذن کے خارج مانیں۔ الٹ پلٹ کر شے خود اپنے نفس پر
موقوف ہو گئی۔ اعلیٰحضرت کا دور بھی ماشاء اللہ تمام دوروں کا قبلہ گاہ ہو۔ اعلیٰحضرت نکالا کہ جسکے دائرہ میں تمام دنیا آگئی۔ سچ تو یہ ہے کہ
اعلیٰحضرت کی طرح اگر ان کے دور میں وسعت ہوتی تو پھر بات کیا ہوتی اب آخر میں اس دور کا تماشہ دیکھیں کہ کہاں تک اس کا دعویٰ
حکومت ہو۔ ہم تمام بنی آدم کو مخاطب کرکے کہتے ہیں کہ ایک شخص نے قصر شاہی کی نسبت کہا کہ (اس میں کسی شخص کے جانے
کی اجازت نہیں) دوسرے شخص نے یہ خبر دی کہ (سلطان قصر میں رونق افروز ہیں) اب تمام نوع بشر سے سوال ہو کہ ان دونوں
شخص کی خبریں کیا باہمی متناقض ہیں۔ یا دور کے دائرہ میں آئی ہوئی ہیں۔ فقیر کے خیال میں انسان تو انسان حیوان کو بھی اگر
نطق پر قدرت ہو جائے تو اس کا بھی یہی جواب ہوگا کہ ان میں نہ تناقض ہے نہ دور۔ لیکن اعلیٰحضرت کے طور پر اسمیں دور یوں لازم
کہ سلطان کا اس کلیہ (قصر شاہی میں کسی شخص کے جانے کی اجازت نہیں) سے خارج جاننا اس پر موقوف کہ خبر ثانی (سلطان قصر
میں رونق افروز ہیں) کو دخول پر دال مانیں اور اس کو دخول پر دال ماننا اس پر موقوف کہ قصر شاہی کو صالح دخول سمجھیں
اسکا صالح دخول ہونا اس پر موقوف کہ سلطان کو اس کلیہ سے خارج جانیں۔ الٹ پلٹ کر شے خود اپنے نفس پر موقوف ہو گئی۔ لہذا
ممکن نہیں کہ بحکم خبر اول سلطان کو اپنے قصر میں داخل ہونا نصیب ہو۔ دور کیوں جائیے خود اعلیٰحضرت پر بھی اس کا انطباق ایسا
ہو سکتا ہے کہ جب اعلیٰحضرت بیت الخلاء میں رونق افروز ہوں اس وقت کوئی یہ حکم سنا دے کہ اس وقت کوئی بیت الخلاء میں
داخل نہیں ہو سکتا، دوسرا شخص یہ خبر دے کہ اعلیٰحضرت بیت الخلاء میں رونق افروز ہیں، یہ خبریں تمام دنیا کے نزدیک صحیح تسلیم
کی جا سکتی ہیں لیکن اعلیٰحضرت کے طور پر اس میں دور یوں لازم کہ اعلیٰحضرت کا اس کلیہ (اس وقت بیت الخلاء میں کوئی داخل نہیں ہو سکتا)
سے خارج جاننا اس پر موقوف کہ خبر ثانی (اعلیٰحضرت بیت الخلاء میں رونق افروز ہیں) کو دخول پر دال مانیں اور اس کو دخول پر
دال ماننا اس پر موقوف کہ بیت الخلاء کو صالح دخول سمجھیں اور اس کا صالح دخول سمجھنا اس پر موقوف کہ اعلیٰحضرت کو اس کلیہ
سے خارج جانیں۔ الٹ پلٹ کر شے خود اپنے نفس پر موقوف ہو گئی۔ لہذا اعلیٰحضرت عین دخول کی حالت میں اس مقام کو خارج

Ahmaq mujadad k munazrana heeley

ALAHAZRAT KI kaaj behsi ki khususiat k hawale sy moeen o deen ajmeri likhte hain k jawab sy ajizi par alahazrat is harba e khas ka b istemal krtey thy (tajaliyat page 16)

اور کہاں لکھتے ہیں اعلیٰحضرت کو ترکیب تو خوب سوجھی کہ چلو آؤ تم بھی اتنی بڑی کتاب کو اپنے اثبات مدعا میں حوالہ دیدو لیکن نہ تو اس کی عبارت نقل کرو دیکھو کہ درحقیقت اُن کے دعوے کے مطابق کوئی عبارت ہی اس میں نہ تھی، نہ اسکے مضمون کو آگاہ کرو نہ جلد و صفحہ کا نشان بتاؤ ایک مبہم بات کہہ کر فتح الباری کی طرف نسبت کر دو اور اپنے خصم کو اس طرح الزام دو کہ اگر تم فتح الباری کی ایک عبارت سے استدلال قایم کرتے ہو تو ہم بھی اسی فتح الباری سے اپنے دعوے پر استدلال لاتے ہیں۔ اب اس کی تحقیق کون کریگا کہ ان کے خصم نے عبارت نقل کی ہے اس کا مطلب سمجھا کر استدلال قایم کیا۔ اور یہاں صرف ادعائی ارشاد فرما کر مساوات کا دم مارا جو اس سحر کی سمجھیں گے وہ بجائے خود قلیل ہیں۔ کم فہم جہلا کی تعداد اعلیٰحضرت کے نصیبوں اُن سے بدرجہا زائد ہے وہ حضرات قوتِ تمیز کے فقدان کے باعث اعلیٰحضرت اور اُن کے خصم کو ایک نظر سے دیکھینگے اور اُو عوام انکا مخالف اس مبہم بات سے مرعوب ہو جائیگا سو الگ۔ کہ جب اعلیٰحضرت فتح الباری کا حوالہ دیتے ہیں تو کہیں نہ کہیں اسکی تیرہ ضخیم جلدوں میں کسی مقام پر علامہ ابن حجر نے اُنکے موافق کچھ لکھا ہوگا ورنہ کیوں تحریر کرتے۔ اگر یہی منظور تھا تو اعلیٰحضرت ابہام کو اس سے زیادہ وسیع کرتے اور اس طرح فرماتے کہ (نہیں ابن حجر بلکہ امام ابو یوسف و امام محمد و امام غزالی و امام رازی و شمس الائمہ سرخسی وغیرہم نے اپنی بعض معتبر کتابوں میں جو ایک بات لکھی ہے وہ آپ کے اس جزئی دعوے پر کیا اثر ڈالتی ہے) تو اور لطف دوبالا ہو کر باعث مضحکہ ہوتا۔ اعلیٰحضرت کے اس تقابل کی صرف ایک نظیر ہم کو دستیاب ہوئی ہے جو ہدیۂ ناظرین ہے۔ **لطیفہ**۔ ایک خوش بیان شاعر کی ملاقات ایک زبان دراز جاہل سے ہوئی اور ان دونوں میں باہمی اس طرح گفتگو ہوئی۔ (شاعر) تم کون ہو (جاہل) تم کون ہو (شاعر) میں شاعر ہوں (جاہل) میں مارہوں (شاعر) مار کس کو کہتے ہیں (جاہل) شاعر کس کو کہتے ہیں (شاعر) شاعر اس کو کہتے ہیں جو شعر کہے (جاہل) مار اس کو کہتے ہیں جو میر کہے (شاعر) میر کیا چیز ہے (جاہل) شعر کیا چیز ہے (شاعر) شعر یہ ہے جیسے ع رفتار تو شرمندہ کند کبک دری را (جاہل) میر یہ ہے جیسے ع مرا رہ تو مرمندہ کند مرمری را۔ غرض جو بات شاعر کہتا گیا جاہل بھی اسی طرح پر جواب دیتا رہا۔ اب رہا موزونیت و اہمال کا فرق سو اس پر قدرتی طور پر جاہل بکدوش تھا۔ اسکو تو مقابلہ مدنظر تھا جس میں وہ پورا اُترا۔ اعلیٰحضرت پر اس مسئلہ کی وجہ سے جو مفتیانِ کرام کابل نے وہابیت و غیر مقلدی کا الزام لگایا ہے وہ فقیر کے خیال میں غلط ہے اعلیٰحضرت مقلد ضرور ہیں۔ اس مسئلہ میں امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کی تقلید نہ کی تو کیا ہوا۔ مسئلہ تقابل میں ایک جاہل کی تقلید کیا حضرت امام اعظم کی تقلید کا کفارہ نہیں ہو سکتی۔ اعلیٰحضرت کی خاطر ہم اُنکی مبہم اور بادہوائی بات کو تسلیم کرتے ہیں۔ لیکن افسوس اس امر کا ہے کہ اب بھی اعلیٰحضرت کو سوائے ضرر کے نفع نہ ہوا۔ کیونکہ علامہ ابن حجر کی تحریر سے امر روز روشن کی طرح واضح ہو گیا کہ صرف ملک مغرب میں اذانِ باب مسجد پر ہوتی ہے باقی تمام بلاد اسلامیہ میں اسکے خلاف عمل ہے۔ اب اگر مخالف ہو تو حضرت القول الاظہر کی ایک عبارت کے بعض حصص پر اس کا کیا اثر ہوا جو صرف اس قدر ہے کہ سواد اعظم اس طرف ہے کہ اذان خطبہ داخل مسجد ہو۔ یہ قول علیٰ سبیل التنزل بھی بمقابلہ آپکے اختراع کے مرجح رہا نہ کہ مکروہ و بدعت۔ جیسا کہ آپ کا خیال ہے۔ کیا مکروہ و بدعت کی یہ شان ہوتی ہے کہ اس کے اجتناب کے لئے اہل مغرب کا سہارا لیا جاوے۔ جن کا حال بھی معلوم نہیں کہ وہ حنفی ہیں یا مالکی۔ اعلیٰحضرت سے بصد عجز التماس ہے کہ فتح الباری کی اس عبارت کو ضرور پیش فرماویں جس میں اہل مغرب کا حال ہے۔ تاکہ اُس سے مستفید ہو کر نیازمند کو اظہار رائے کا موقع ملے **خصوصیت**

۹ کی بحث۔ جواب کو عاجزی کے وقت اس حربۂ خاص کا بھی استعمال اعلیٰحضرت کثرت کرتے ہیں۔ القول الاظہر میں کتب معتبرہ سے اذانِ خطبہ داخل مسجد کے اجماعی ثابت کرنے کے بعد ظاہر کیا گیا تھا کہ یہ اذان تمام بلاد اسلامیہ و شرق و غرب میں بھی داخل مسجد ہوتی ہے اور اس پر یہ قرینہ قایم کیا گیا تھا کہ کسی سے کہیں اسکے خلاف مسموع نہیں ہوا خصوصاً جبکہ اطلاع احوال کے ذرائع اس زمانہ میں کثرت سے ہیں اور عموماً شہروں میں سہولت سفر کی وجہ سے مختلف ممالک کے باشندے موجود ہیں۔ ایسی حالت میں محال عقلی نہ سہی تو

ملے جواب سوال سیزدہم و چہاردہم۔۔

Ahmaq mujadad k

munazrana heeley

ALAHAZRAT Ka khud ko sahaba r.a or

aima e mujtahideen par qeyas krna

Dkheye scan page

جبکہ ایک مجتہد کی رائے اسکے خلاف ہو اس کو القول الاظہر میں نہایت وضاحت کے ساتھ اس طرح بیان کیا تھا کہ جمہور کے خلاف اور اجماع کے خلاف میں زمین و آسمان کا فرق ہے۔ اسی سلسلہ میں بطور حکمت و نکتہ کے یہ بیان کر دیا گیا تھا کہ مجتہد کے خلاف کرنے کا یہ اثر ہوا ہے کہ اسکے لاکھوں متبعین شامل ہو کے اس جماعت سے علیحدہ ہو گئے۔ اب اسکا یہ مطلب سوائے اعلیٰحضرت کے کون سمجھ سکتا ہے کہ ائمہ مجتہدین نے یہ خلاف صرف اس وجہ سے کیا کہ انکو اس کا علم ہو گیا تھا کہ لاکھوں لوگ اس مسئلہ میں ہمارے متبع ہو جاویں گے۔ القول الاظہر میں عدم انعقاد اجماع کا اصلی سبب اس مخالف مجتہد کا اجتہاد قرار دیا گیا تھا جس کا صاف یہ مطلب تھا کہ غیر مجتہد کا خلاف اس باب میں بالکل بے اثر ہے نہ یہ کہ مجتہد کی غیب دانی عدم انعقاد کا باعث ہوئی ہے۔ اب احکام الرضا کی بہار دیکھئے۔ صفحہ ۲۰ میں ارشاد ہے۔ ائمہ مجتہدین نے جن مسائل فرعیہ میں جمہور کا خلاف فرمایا کیا انہیں معلوم تھا کہ لاکھوں لوگ اس مسئلہ میں ہمارے متبع ہو جاویں گے کہ اس علم کی انہوں نے تصریح فرمائی یا غیب پر حکم ہے۔ یہ سوال بغدہ ہم میں بطرح ارشاد ہے۔ الغرض انہیں یہ معلوم بھی ہو تو کیا گناہ و شدید جس پر حدیث میں دوزخ کی وعید ہو اس خیال سے جائز ہو جاتا ہے کہ آگے چلکر لوگ اس میں ہماری ساتھی ہو جاوینگے۔ جی یہ تو جائز نہیں لیکن افتراء و تحریف کا جواز آپکو کہاں سے معلوم ہوا جسپر آپنے اپنی تالیفات کی بنیاد رکھی ہے۔ دیکھئے القول الاظہر میں صاف موجود ہے کہ جمہور کے خلاف اور اجماع کے خلاف میں زمین آسمان کا فرق ہے۔ اتنی روشن بات نہ سمجھے تو آپ کیوں قاصر ہے۔ اور اگر خدانخواستہ فہم عالی میں اس کا مطلب آگیا تھا تو پھر دیدہ و دانستہ آپ نے یہ سوال کیوں گھڑا۔ کہ ائمہ مجتہدین نے جن مسائل فرعیہ میں اختلاف فرمایا۔ اعلیٰحضرت من۔ اجماع کے خلاف میں گفتگو تھی اور اسکا ابطال کیا جا رہا تھا۔ اور خلاف جمہور کا جواز مجتہدین کے حق میں ظاہر کیا تھا۔ اور ان کے خلاف کو اجتہاد کی باعث عدم انعقاد اجماع کا موجب بتایا تھا۔ اور اسکی حکمت بطور تبرع ظاہر کرکے غیر مجتہد کے خلاف کو باب انعقاد اجماع میں بے اثر ثابت کیا تھا۔ آپنے اس پر یہ جڑ لیا کہ مجتہدین کے حق میں بھی خلاف جمہور جائز نہ کیجئے اور اگر جائز رکھتے ہیں تو اس شرط پر کہ انکو پہلے سے اپنے لاکھوں متبعین کا علم غیب ہو جاوے۔ فرمائیے القول الاظہر کی کس عبارت کا مطلب ہے عبارت نقل کرنے میں چونکہ افتراء کی حقیقت کھلی جاتی ہے اس وجہ سے اعلیٰحضرت نے اسکے ہضم کرنے میں تامل نہیں کیا۔ اسی سے سوال بغدہ ہم کی بھی حقیقت کھل گئی۔ دوزخ کی وعید اسکے لئے ہے جو اجماع کا خلاف کرے۔ نہ اس مجتہد کے حق میں جب کہ جمہور کے ساتھ خلاف کرنے سے اجماع ہی سرے سے منعقد نہ ہو۔ اور اس وجہ سے مجتہد کو خلاف کے وقت کسی خیال قائم کرنے کی ضرورت نہیں۔ نہ غیب دانی کی حاجت نہ القول الاظہر میں انکے خیال قائم کرنے کے متعلق کوئی تصریح۔ البتہ چونکہ مجتہدین کے شرف اجتہاد نے انکو غیر مجتہدین کے گروہ سے ممتاز کر دیا اور دونوں کے احکام جدا جدا ہو گئے۔ اس امتیاز کی حکمت و علت ہم نے بیان کر دی۔ اگر کسی وجہ سے آپ کو یہ حکمت پسند نہیں تو جانے دیجئے نفس تحقیق میں کیا فرق آیا۔ اعلیٰحضرت نے اس مقام میں صرف اس قدر تصرف کیا کہ حکمت امتیاز کو جو ایک علیحدہ بات تھی مجتہدین کا خیال قرار دیدیا اور اس طرح کمال میل کرکے اس بیہودہ نفس مطلب پر آ گیا جسکی تفصیل آپ کے ان دو سوالوں میں ہے۔ لسب اعلیٰحضرتی۔

خصوصیت ۱۲۔ خود فراموشی۔ اعلیٰحضرت اپنی شان و مرتبہ کو فراموش کرکے صحابہ کرام و ائمہ مجتہدین رضوان اللہ علیہم اجمعین پر اپنی ذات کو قیاس کر بیٹھنے کے بہت عادی ہیں چنانچہ احکام الرضا صفحہ ۲۰ پر مرقوم ہے۔ سیدنا عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے تطبیق رکوع سیدنا ابو ذر رضی اللہ عنہ نے کنز سیدنا ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے عدم نقض وضو بالنوم سیدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے ابتداءً مسئلہ متعہ میں جمہور کا خلاف کیا۔ ان تمام صحابہ کرام اور انکے امثال عظام کو معاذ اللہ شذ فی النار کا مصداق بلا سینت ہو سکتا ہے جی یہ تو سنیت نہیں ہے لیکن اپنے کو مجتہدین جلیل القدر صحابہ کے برابر سمجھنا ضرور سنیت ہے۔ اعلیٰحضرت من القول الاظہر میں آپکو کس قدر وضاحت کے ساتھ فہمائش کر دی تھی کہ خلاف جمہور و خلاف اجماع میں فرق ہے۔ ان مجتہدین حضرات کا خلاف خلاف جمہور ہے۔ اور آپ اجماع کا خلاف کر رہے ہیں۔ حضرت مولانا روم کے اس شعر سے کار پاکاں را قیاس از خود مگیر گرچہ باشد در نوشتن شیر شیر۔ سے آپکو تنبیہ بھی کر دی گئی تھی۔ لیکن آپ بار بار اپنے کو اعلیٰحضرت سمجھنے کی وجہ سے اب بھی قیاس سے باز نہیں آئے۔ تو ہم

عہ جواب سوال ۲۰ جلد ہم ۲۰ صفحہ

بریلوی صاحب کی روشن تحریف

Ahmad raza or fatawa rizwia

ki shuhrat dekhni ho to

almizan ka ahmad raza no ka

yeh agla page mulahiza ho

(almazan ahmad raza 187)

مقید ہے ورنہ اختلاف جہتہ کے وقت قرب درجہ کو بھی ترجیح نہ ہوا ور وہ بالاجماع باطل وعلی التنزل وہ دونوں قاعدے بھی مطلق ہیں۔ وہاں بھی اختلاف واتحاد سے فرق نہ فرمایا تو یہ اطلاق کے معارض ہے۔

مسئلہ ثمانیہ میں علامہ شامی کی بحث کو بیان فرماکر اپنی بحث کا اظہار کرکے فرمایا الحمد للہ میرا فہم مطابق ظاہر الروایۃ آیا۔ بقولہ اس وقت میرے پاس مبسوط نہ تھی اب اسکے مطالعہ نے واضح کردیا کہ صرف اطلاق سرخسی نہیں بلکہ خاص نص صریح ہے۔ بحث علامہ شامی مصادم نص واقع ہوئی اور بحث فقیر بحمد اللہ القدیر نص کے موافق آئی۔ وللہ الحمد۔

نیز ذوی الارحام میں جب تخلیص الطوائف بمع تصحیح مشکل کام تھا میں نے قاعدہ طائفہ بندی کرکے آسان کردیا۔ جہاں میر سید شریف نے شرح سراجی میں صرف ایک بطن کے اختلاف میں ایسی لغزش کھائی کہ عبارت شرح میں غلط تشریح کی۔ اعلیٰ حضرت رحمہ اللہ تعالیٰ کا کمال فہم دیکھو کہ فتاویٰ رضویہ میں بطون کثیرہ کی مثال بمع تخلیص الطوائف تقسیم مع التصحیح کرتے ہوئے جواب نکالا۔ اس کو میں نے اپنے قاعدہ طائفہ بندی سے حل کیا جواب صحیح آیا۔ میں یقین سے کہتا ہوں کہ کوئی مدعی اس مثال کو بغیر دیکھے میرے قاعدہ طائفہ بندی کے نہیں نکال سکتا۔

افسوس صد افسوس کہ مجھے اعلیٰ حضرت کے وصال سے دو سال پہلے ان کا پتہ معلوم ہوا۔ صرف ایک مسئلہ رابع ذوی الارحام مذکور کو حل کرا سکا اور باقی صنف ثانی ذوی الاحام ان سے حل نہ کرا سکا۔ ان کے بعد صنف ثالث کا فتویٰ خود کی تصدیق وتردید کے لئے حضرت مولانا مصطفےٰ رضا خاں صاحب اور مولانا امجد علی صاحب سے مراسلات کراتا رہا۔ اب تک کوئی جواب حل نہ آیا۔ لہٰذا اپنے رسالۂ میراث میں اپنا فتویٰ لکھ کر فلیحدہ کردیا۔

خلاصہ یہ کہ اعلیٰ حضرت کو اللہ تعالیٰ نے تفقہ فی الدین کی نعمت عظمیٰ سے نوازا تھا۔ جس پر ان کا فتاویٰ رضویہ شاہد عدل اور برہان قوی ہے آج ہمیں ایسا عالم دین نظر نہیں آتا جس سے ہم علمی الجھن دور کرائیں۔ اب ان کا فتاویٰ رضویہ ہے وہ بھی مکمل نہیں چھپا صرف چار جلدیں چھپی ہیں اور باقی کے لئے آنکھیں ترس رہی ہیں۔

اگر اعلیٰ حضرت رحمہ اللہ کی علم حدیث میں وسعت علمی دیکھنی ہو تو رسائل "تبقیل الابہامین" و "حاجز البحرین الواقی عن جمع الصلوٰتین" نذیر حسین دہلوی امام اہل حدیث کے رد میں ملاحظہ کریں جس سے مولوی نذیر حسین طفل مکتب نظر آتا ہے۔ اسی طرح وسعت علمی علوم معقولات فلسفہ، ریاضی وغیرہ میں رسالہ "فوز مبین" حرکت زمین کے رد میں دیکھو کہ نظام بطلیموسی فیثاغورسی کی ایسی تطبیق دی کہ نیوٹن جو فلسفۂ حال کا امام مانا جاتا ہے شاگرد نظر آتا ہے۔

سراج احمد مفتی

مدرسہ دارالعلوم خانپور

مورخہ ۲۸ را اپریل ۱۹۶۹ء

Alahazrat k tasawuf or ishq e rusool ka kahen dikar ni milta (tasawuf hota to e tfa na!!!)

(almizan ahmad raza 217)

امام احمد رضا اور

تعلیماتِ تصوّف

جناب اعجاز مدنی، ایم اے ڈیپ، ایل بی ایس سائنس
لائبریرین برہانی کالج، بمبئی

حضرت امام احمد رضا کی جتنی بھی سوانح عمریاں اب تک لکھی گئی ہیں، ان تمام میں حضرت کا عالمانہ وقار پورے آب و تاب کے ساتھ پیش کیا گیا ہے ایسے لگتا ہے جیسے عہد جدید کا علامہ سیوطی شریعت مطہرہ کے تمام رموز و نکات کو نہ صرف اپنی فہم و بصیرت سے بیان کر رہا ہے بلکہ مجتہدانہ طور پر مشکل مسائل کو حل بھی کر رہا ہے "اور پھر بھی بات خلاف قرآن و سنت ثابت نہیں ہوتی: اعلیٰحضرت ۱۰ شوال بروز ہفتہ (سنہ ۱۲۷۲ھ / ۱۸۵۶) کو پیدا ہوئے۔ ان کے والد مولوی نقی علی خان بھی بڑے عالم اور بزرگ شخص تھے۔ نوجوانی کی عمر میں (سنہ ۱۲۹۴ھ / ۱۸۷۷) گویا ۲۱ سال کی عمر میں دونوں باپ بیٹے بیک وقت "شاہ آل رسول مارہروی سے بیعت ہوئے اور تمام سلسلوں کی اجازت و خلافت اور سند حدیث حاصل کی مولوی رحمان علی مؤلف تذکرہ علمائے ہند رقمطراز ہیں کہ "اعلیٰ حضرت اپنے والد ماجد کے ساتھ سنہ ۱۲۹۵ھ / ۱۸۷۸ حرمین شریفین کی زیارت کو تشریف لے گئے تھے۔ وہاں کے اکابر علماء یعنی سید احمد دحلان مفتی شافعیہ اور عبدالرحمان سراج مفتی حنفیہ سے حدیث فقہ اصول تفسیر اور دوسرے علوم کی سند حاصل کی۔ ایک دن نماز مغرب مقام ابراہیم علیہ السّلام میں ادا کی، نماز کے بعد امام شافعیہ حسین بن صالح جمل اللّیل بغیر کسی سابقہ تعارف کے ان کا ہاتھ پکڑ کر ان کو اپنے گھر لے گئے، دیر تک ان کی پیشانی کو تھامے رہے اور فرمایا "انی لاجد نور اللہ من ھذا الجبین" (بیشک میں اس پیشانی سے اللہ کا نور پاتا ہوں) اس کے بعد صحاح ستہ کی سند اور سلسلۂ قادریہ کی اجازت، اپنے دستخط خاص سے مرحمت فرمائی اور ارشاد فرمایا کہ تمہارا نام ضیاء الدین احمد ہے سند مذکور میں امام بخاری علیہ الرحمۃ تک گیارہ واسطے ہیں" "مکہ معظمہ میں جب کہ آپ مسجد خیف میں تنہا و یکتا رات کے وقت ٹھہر گئے تھے اور رات کا بڑا حصہ عبادت و ریاضت میں صرف کیا تھا اسی رات آپ کو مغفرت کی بشارت ہوئی۔ اللہ ان کے درجات بلند کرے اور ان کے وسیلے سے ہم گنہگاروں کی بھی اللہ اپنے پیارے حبیب کے صدقہ میں مغفرت فرمائے۔ آمین ثم آمین۔ ان دو واقعات کو جو حرمین شریفین میں پیش آئے بیان کرنے کا مقصد یہ ہے کہ ثابت ہو اعلیٰ حضرت بچپن ہی سے مادر زاد ولی تھے اس لئے تعلیم و تعلّم میں علم فقہ و فتوی نویسی میں، علم تصوّف اور سلوک و مجاہدہ میں مناظرہ

ومکاشفہ میں، دلائل و گفتگو میں تقریر و تحریر میں اپنا ثانی نہیں رکھتے تھے امام احمد رضا ان گنے چنے صاحب علم و فضل میں تھے جن پر پروردگار عالم نے اپنے رسول محترم و مکرّم کے صدقے میں آپ پر اپنی عنایات و مہربانی عزّت و منفعت تمام کی تھی۔ جیتے جی آپ کی بڑی عزت ہوئی اور بعد پردہ فرمانے کے بھی آپ کا روضہ پُرانوار مرجع خلائق و بخشش حلائق بنا ہوا ہے مزار اقدس پر بھی وہ رعب علمی و جلال خسروی ہے کہ کلیجہ کانپنے لگتا ہے مگر افسوس ہے سوانح نگاروں پر جنہوں نے اعلیٰ حضرت کی صوفیانہ زندگی، عشق رسول و سوز جگر، حزن و ملال اور کیفیت قلبی، سرور باطنی احتیاطِ ظاہری کا کہیں پر ذکر تک نہ کیا۔ جہاں علماء کا اجتماع، فتوی کی بھرمار، علمی موشگافیاں خواہ مخواہ کی لن ترانیاں عشوہ طرازیاں اور وہ بات ہی نہیں جس کو دیکھنے کو آنکھیں ترستی ہیں۔ مولانائے محترم کی زندگی کا سب سے زیادہ آبدار پہلو عاشق رسول ہونا ہے تاکہ ایک ظاہردار نظر بین عالم ہونا اور اپنے ہمعصروں سے معاصرانہ چشمک کر کے داد حاصل کرنا تھا۔ میرے خیال میں مولانا کے جتنے بھی پرستار آج تک پیدا ہوئے سب کے سب مدارس کے فارغ علمائے دین تھے ان میں کوئی مجذوب نہیں، عشاق سرگرداں و پریشاں نہیں تھا۔ ایسا صاحبِ جلال و جمال آقا و مولا نظام الدین نہیں تھا جو اپنے پیر و مرشد کی اندرونی کیفیات، انہماک عبادت، خلوص تقویٰ و طہارت اور بےچینی و درد فرقت کی کیفیات کو پیش کر سکتا جیسا کہ ایک مرتبہ اہل مجلس سے مخاطب ہو کر آپ نے کہا تھا مفہوم یہ ہے کہ حضرت خواجہ فرید الدین کی زندگی کا اصل جوہر اور معاصرین میں ان کا امتیاز وجہ ذوق و شوق درد عشق اور جذب الٰہی دخلا مستی میں مستور رہا ہے۔ فرماتے ہیں ایک بار حضرت شیخ کبیر حجرہ میں والہانہ گشت لگا رہے تھے اور چہرے کا رنگ متغیر تھا۔ بابا فرید بیتاب ہو کر کہنے لگے "میری آرزو ہے کہ ہمیشہ آپ ہی کا ہو کر جیوں، خاک ہو جاؤں اور آپ کے قدموں کے نیچے زندگی گذرے مجھ مسکین و بیچارے کا دونوں جہاں میں مقصود آپ ہی ہیں آپ ہی کے لئے جیتا ہوں آپ ہی کیلئے مرتا ہوں

خواہم کہ ہمیشہ در وفائے تو زیم — خاک شوم و بزیر پائے تو زیم
مقصود من خستہ ز کونین توئی — از بہر تو میرم از برائے تو زیم